نیوز ریلیز

سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان

04 جولائی 2011ء
برائے فوری اجراء
128/2011

رابطہ: کورٹنی بیعل
قائم مقام ترجمان
فون: 0300-501-2640

معاون سیکرٹری براؤن فیلڈ کا پاکستان نیشنل پولیس شہدا یادگار میں پھولوں کی چادر چڑھانے کی تقریب سے خطاب

اسلام آباد کیپٹل ٹیریٹری پولیس لائنز

اسلام آباد (4 جولائی 2011ء) ___ امریکی محکمہ خارجہ کے معاون سیکرٹری برائے بین الاقوامی قانون اور انسداد منشیات سفیر ولیم آر براؤن فیلڈ گزشتہ روز پاکستان پہنچے اور پاکستان امریکہ سٹرٹیجک مذاکرات کے حوالے سے نفاذ قانون اور انسداد دہشت گردی ورکنگ گروپ کی ملاقاتوں میں امریکی وفد کی قیادت کی۔

پیر کے روز سفیر براؤن فیلڈ نے پاکستان نیشنل پولیس شہداء یادگار پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور اس موقع پر اپنے خطاب میں کہا؛

''انسپکٹر جنرل، اعلیٰ افسران، افسران، اسلام آباد پولیس کے جوانو اور تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نمائندگان، اس تقریب میں شرکت کیلئے میں آپ کا مشکور ہوں بالخصوص اپنے ملک ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے یوم آزادی کے موقع پر آپ سے خطاب کرنا میرے لیے باعث اعزاز ہے:

انسپکٹر جنرل تاریخ گواہ ہے کہ تمام معاشروں، لوگوں اور ممالک میں دو قسم کے پیشہ ور مسلح محافظین رہے ہیں: پہلا وہ جو ہماری آبادیوں کو بیرونی خطرات سے تحفظ فراہم کرتے ہیں جبکہ دوسرا ہمارے عوام کو اندرونی خطرات سے محفوظ رکھتے ہے۔ حالانکہ میں ایک آرمی افسر کا پوتا، بیٹا اور بھائی ہوں اور میں فوج کو بہت زیادہ عزت کی نگاہ سے دیکھتا ہوں، تاہم یہ پولیس ہی ہے جو شب و روز ہمارے عوام کو تحفظ فراہم کرتی ہے۔ یہ ہماری گلیوں اور گھروں کی حفاظت کرتی ہے۔ یہ ہمارے بچوں کو بچاتی ہے اور جرائم پیشہ افراد سے مقابلہ کرتی ہے۔ یہ جرائم کی تحقیقات کرتی ہے اور ہمارے لوگوں کو انصاف فراہم کرتی ہے۔ خواہ یہ اسلام آباد ہو یا واشنگٹن، لاہور ہو یا نیویارک، کراچی ہو یا لاس اینجلس، یہ ہمارے معاشرے کا اہم حصہ ہیں۔

خواتین و حضرات، وقت کے ساتھ ساتھ، بیشتر اوقات انہیں اس کیلئے بھاری قیمت چکانا پڑتی ہے، اور انہیں بہت بڑی قربانی دینا پڑتی ہے۔ جناب انسپکٹر جنرل صاحب! لگ بھگ ایک ماہ قبل 7 جون کو میں نے واشنگٹن میں امریکی قانون نافذ کرنے والے اداروں کی یادگار پر منعقدہ سالانہ تقریب میں شرکت کی جہاں تمام امریکی پولیس، وفاقی، ریاستی اور مقامی پولیس کے حکام اس سال کے دوران جاں بحق ہونے والے افراد کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے اکٹھے ہوئے تھے۔ ہم نے اس یادگار میں 40 کے قریب ناموں کا اضافہ کیا۔ آج ہم پاکستانیوں کی یادگار پر موجود ہیں جہاں پر تقریباً 500 نام پہلے سے درج ہیں اور مزید 1400 ناموں درج کئے جائیں گے۔ ان میں تمام افراد کے بارے میں میں یہ کہوں گا کہ جب دیگر افراد میدان چھوڑنے پر مجبور ہوئے، یہ اہلکار ڈٹے رہے، جب دوسرے لوگ خوفزدہ ہوئے، انہوں نے اپنے لوگوں کو بچایا اور جب دوسرے بزدلوں کی طرح زندگی گزارنے پر مجبور ہوئے تو انہوں نے عزت کی موت کو ترجیح دی۔ میں ان کا اور ان کے اہل خانہ کا شکریہ ادا کرتا ہوں، اور انہیں خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔

4 جولائی کو اپنی تقریر کے اختتام پر امریکہ کے 16 ویں صدر ابراہم لنکن کے ان الفاظ میں دہرانا چاہوں گا جو انہوں نے گیٹس برگ میں 1863 کہے تھے کہ دنیا اس کا احساس نہ کرے یہ اس کو یاد نہ رکھے جو ہم یہاں کہہ رہے ہیں مگر وہ یہ نہیں بھول پائی گی جو انہوں نے یہاں کیا ہے۔'' پاکستانی قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ممبران میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں معلومات کیلئے ہماری ویب سائیٹ ملاحظہ کریں۔

http://islamabad.usembassy.gov